# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ ابلاغ عامہ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: فن تدوین کتب (455) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی اے کریڈٹ: 3

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

## امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ نمبر 1 تا 4)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1: کتاب کے ابتدائی اور اختتامی صفحات کی اقسام، افادیت اور ترتیب کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: مسودات میں پائی جانے والی عام غلطیوں کی نشاندہی کریں اور وضاحت کریں کہ مدیر انہیں کیسے درست کر سکتا ہے۔ (20)

سوال نمبر 3: مسودے کو طباعت کے لیے تیار کرنے کے مراحل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: مطبوعہ کتاب کی اشاعت اور ای بک کی اشاعت کا تقابلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5: ایک کامیاب کتاب کی اشاعت کے لیے اشاعتی ادارے کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2
(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1: طباعت کی اقسام کو مختصر انداز میں بیان کریں۔ نیز طباعت کی تاریخ پر ایک جامع تبصرہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: پاکستانی اشاعتی ادارے بین الاقوامی معیار کو کیسے اپنا سکتے ہیں؟ تجاویز دیں۔ (20)

سوال نمبر 3: تدوین کے عمل میں مدیر، ڈیزائنر اور پرنٹر کے باہمی تعلق کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4: کتابی تدوین میں زبان اور اسلوب (Style) کا کیا کردار ہے؟ (20)

سوال نمبر 5: کتاب کی بائنڈنگ کی اقسام اور ان کے استعمال کی وضاحت کریں۔ (20)